ISC SEMESTER I EXAMINATION

SPECIMEN QUESTION PAPER

URDU

Maximum Marks : 80

Time allowed : One and a half hours

(Candidates are allowed additional ***15 minutes*** *for* ***only*** *reading the paper)*

The marks intended for questions are given in brackets [ ].

Answer questions ***1*** *and* ***2*** *in* ***Section A*** *and all questions from* ***Section B*** *from the* ***three*** *of the prescribed textbooks.*

Select the correct option for each of the following questions.

SECTION A

LANGUAGE—41 Marks

Question 1

Read the passage given below carefully and answer all the questions that follow by choosing the right option :—

مندرجہ ذیل عبارت کوغور سے پڑھ کر دیئے گئے سوالوں کے جواب دیجئے۔

’’غالب اردو کے بے حد مقبول شاعر گزرے ہیں۔ان کا نام اسداللہ خاں تھا۔ پیدائش آگرہ میں ہوئی،ان کے والد عبداللہ بیگ خاں،نواب آصف الدولہ کے دور میں لکھنؤ آئے۔لکھنؤ سے حیدرآباد تشریف لے گئے، پھر وہاں سے الور پہنچ کر راجا بختاورسنگھ کی ملازمت اختیار کی۔ وہیں ۱۸۰۱ء میں کسی لڑائی میں ان کا انتقال ہوگیا۔ والد کے انتقال کے بعد چچا نے غالب کی پرورش کی۔ابھی وہ نو برس کے تھے کہ ان کے چچا کی بھی وفات ہوگئی۔اس کے بعد غالب اوران کے اہل خانہ کے لئے انگریزی سرکار سے وظیفہ جاری ہوگیا۔بچپن کا زمانہ نہال میں گزرا، جو بہت خوشحال رہا۔نوعمری میں ہی دہلی کے ایک بڑے خاندان میں ان کی شادی ہوگئی اور وہ مستقل طور پر دہلی میں رہنے لگے۔ذوق کے انتقال کے بعد غالب بہادر شاہ ظفر کے استاد مقرر ہوئے اور کچھ دنوں کے بعد قلعے میں باقاعدہ ملازم ہوگئے۔انھیں نجم الدولہ، دبیرالملک اور نظام جنگ کے خطابات سے نوازا گیا۔ ۱۸۵۷ء کے ہنگامے کے بعد انکی تنخواہ اور پنشن سب بند ہوگئی۔ اس کے کچھ عرصہ پہلے

فروری ۱۸۵۷ء میں ان کا تعلق ریاست رامپور سے بھی رہا۔ یہاں سے انھیں ماہانہ وظیفہ ملتا رہتا تھا۔ ۱۸۵۷ء سے پہلے دہلی مغل تہذیب کی روایات کا جیتا جاگتا نمونہ تھی۔ اِس تہذیب کے مٹ جانے کا غالب کو حد درجہ ملال تھا اس کا اندازہ ان کی نثری تصانیف اور خطوط سے لگایا جا سکتا ہے۔ ''مہر نیم روز'' مغل خاندان کی تاریخ ہے جو فارسی میں لکھی گئی۔ ''دستنبو'' ان کا فارسی روزنامچہ ہے، جس میں ۱۸۵۷ء کے واقعات درج ہیں۔ جس سال ان کی پنشن بند ہوئی اسی سال غالب کے چھوٹے بھائی مرزا یوسف کا انتقال ہوگیا۔ ۱۸۶۱ء میں دیوان غالب کی اشاعت عمل میں آئی۔ ۱۸۶۴ء میں ''قاطع برہان'' شائع ہوئی۔ غالب کے اردو خطوط کا پہلا مجموعہ ''عود ہندی'' کے نام سے اور دوسرا مجموعہ ''اردوئے معلیٰ'' کے نام سے شائع ہوا۔''

عبارت پر مشتمل سوالوں کے صحیح جواب دیجئے۔

(i) غالب کا پورا نام کیا تھا؟ [1]

(a) مرزا غالب

(b) احمد اللہ خان

(c) اسد اللہ خاں

(d) مرزا اسد اللہ خان غالب

(ii) غالبؔ کی پیدائش کس شہر میں ہوئی تھی؟ [1]

(a) دہلی

(b) آگرہ

(c) لکھنؤ

(d) الہ آباد

(iii) کس دور میں غالبؔ کے والد لکھنؤ آئے تھے؟ [1]

(a) عبد اللہ بیگ کے

(b) بہادر شاہ ظفر کے

(c) امیر الدولہ کے

(d) آصف الدولہ کے

(iv) کس نے الور میں راجا بختاور سنگھ کی ملازمت اختیار کر لی؟ [1]

(a) مرزا غالبؔ نے

(b) آصف الدولہ نے

(c) عبداللہ بیگ نے

(d) بہادر شاہ ظفر نے

(v) غالبؔ کے والد کا انتقال کب ہوا؟ [1]

(a) ۱۶۰۱ء میں

(b) ۱۷۰۱ء میں

(c) ۱۸۰۱ء میں

(d) ۱۸۰۶ء میں

(vi) چچا کے انتقال کے وقت غالبؔ کی عمر کتنی تھی؟ [1]

(a) نو برس

(b) دو برس

(c) دس برس

(d) چھ برس

(vii) غالبؔ اور ان کے گھرانے کے لئے وظیفہ کہاں سے جاری ہوا؟ [1]

(a) چچا کی طرف سے

(b) الور کی حکومت کی طرف سے

(c) انگریزی سرکار کی طرف سے

(d) ہندوستانی سرکار کی طرف سے

(viii) کس کے انتقال کے بعد غالبؔ کس کے استاد مقرر ہوئے؟ [1]

(a) چچا کے انتقال کے بعد اہلِ خانہ کے

(b) والد کے انتقال کے بعد الور کے بادشاہ کے

(c) ذوق کے انتقال کے بعد لکھنؤ کے حکمراں کے

(d) ذوقؔ کے انتقال کے بعد بہادر شاہ ظفر کے

(ix) غالبؔ کو کن کن خطابات سے نوازا گیا تھا؟ [1]

(a) نجمِ ملک، دبیرالدولہ، نظامِ ملک

(b) دبیرالجنگ، نظام الدولہ، نجمِ ظفر

(c) نظامِ جنگ، دبیرالملک، نجم الدولہ

(d) نجم شاعری، نظام شاعر، دبیرالشعراء

(x) تنخواہ بند ہو جانے کے بعد مرزا غالب کو ماہانہ وظیفہ کہاں سے ملنا شروع ہوا؟ [1]

(a) ریاستِ رامپور سے

(b) ریاستِ آگرہ سے

(c) ریاستِ لکھنؤ سے

(d) بہادر شاہ ظفر سے

(xi) مغل خاندان کی تاریخ کس نام سے کس زبان میں لکھی گئی؟ [1]

(a) اُردو معلیٰ کے نام سے اُردو میں لکھی گئی

(b) دستنبو کے نام سے فارسی میں لکھی گئی

(c) مہرِ نیم روز کے نام سے فارسی میں لکھی گئی

(d) عودِ ہندی کے نام سے عربی میں لکھی گئی

(xii) غالبؔ کو کس چیز کے مٹ جانے کا حد درجہ ملال تھا؟ [1]

(a) مغلیہ حکومت سے ملنے والی پنشن کا

(b) مغلیہ خاندان کے مٹ جانے کا

(c) مغلیہ سلطنت کے مٹ جانے کا

(d) مغل تہذیب کی روایات کے مٹ جانے کا

(xiii) دستنبو میں غالبؔ نے کس زبان میں کیا درج کیا تھا؟ [1]

(a) فارسی زبان میں اپنی سوانح حیات

(b) فارسی زبان میں ۱۸۵۷ء کے واقعات

(c) اُردو زبان میں مغلیہ خاندان کی تاریخ

(d) عربی زبان میں اپنا نثری سرمایہ

(xiv) غالبؔ کے بھائی کا انتقال کس سن میں ہوا تھا؟ [1]

(a) ۱۸۵۷ء

(b) ۱۸۵۸ء

(c) ۱۸۶۴ء

(d) ۱۸۶۱ء

(xv) ان کے بھائی کا نام کیا تھا؟ [1]

(a) مرزا نوشہ

(b) مرزا یوسف

(c) مرزا یونس

(d) مرزا ظفر

(xvi) سن ۱۸۶۱ء میں کون سی کتاب شائع ہوئی؟ [1]

(a) قاطع برہان

(b) مہرِ نیم روز

(c) دستنبو

(d) دیوانِ غالب

(xvii) عودِ ہندی اور اُردوئے معلیٰ غالبؔ کی کس نوعیت کی تحریروں کے مجموعے ہیں؟ [1]

(a) کلامِ غالبؔ

(b) مجموعۂ خطوط غالبؔ

(c) ۱۸۵۷ء کے واقعات

(d) مغلیہ خاندان کی تاریخ

(xviii) اِس عبارت کا موزوں عنوان کیا ہونا چاہئے؟ [1]

(a) مرزا غالبؔ

(b) عظیم شاعر غالبؔ

(c) غالبؔ کا مختصر تعارف

(d) غالبؔ کی سوانح عمری

(xix) لفظ ملازمت کا صحیح معنی کیا ہے؟ [1]

(a) روزگار

(b) غلامی

(c) روزی روٹی کمانا

(d) نوکری

(xx) لفظ ''شائع'' کے درست معنی کیا ہوتے ہیں؟ [1]

(a) لکھنا

(b) چھپنا

(c) رقم کرنا

(d) تصنیف کرنا

(xxi) لفظ نوعمر کے معنی ہوتے ہیں : [1]

(a) جوانی

(b) بچپن

(c) لڑکپن

(d) کم عمری

(xxii) اُردو ادب میں غالبؔ کس حیثیت سے مشہور ہیں؟ [1]

(a) نقاد

(b) مصنف

(c) شاعر

(d) خطوط نگار

(xxiii) انگریزی سرکار کی جگہ اس کا ہم معنی دوسرا لفظ کیا ہوسکتا ہے؟ [1]

(a) انگریزی حکومت

(b) انگریز بادشاہ

(c) انگریز حکمراں

(d) انگریزی کارکن

(xxiv) اہلِ خانہ لفظ سے یہاں کیا تعلق ہے؟ [1]

(a) آصف الدولہ کے خاندان والے

(b) مرزا غالبؔ کے چچا اور ان کے گھر والے

(c) مرزا غالبؔ اور ان کے گھر والے

(d) انگریزی سرکار اور حکمراں

(xxv) ''قلعے میں با قاعدہ ملازم ہو گئے'' یہ فقرہ کس کے متعلق کہا گیا؟ [1]

(a) ذوق کے متعلق کہا گیا

(b) بہادر شاہ ظفر کے متعلق

(c) نصر اللہ بیگ کے متعلق

(d) غالبؔ کے متعلق

Question 2

Answer the following according to the given instructions :—

دی گئی ہدایات کے مطابق سوالوں کے جواب دیجئے :—

1. درست جملے کا انتخاب کیجئے۔ [1]

(i) (a) خط میں اپنی بڑائی اور تکبر کی باتیں لکھنے سے پرہیز کئے جانے چاہئے۔

(b) خط میں اپنی بڑائی اور تکبر کو لکھنے سے پرہیز کرنا چاہئے۔

(c) خط میں اپنے لئے بڑائی اور تکبر کی باتیں لکھنے سے پرہیز کیا جانا چاہئے۔

(d) خط میں اپنی بڑائی اور تکبر کی باتیں لکھنے سے پرہیز کرنا چاہئے۔

(ii) (a) سورج روز مشرق سے نکلتا ہے۔ [1]

(b) سورج روز مشرق میں نکلتا ہے۔

(c) سورج روز پورب میں نکلتا ہے۔

(d) سورج روز مشرق سے ہی نکلتا ہے۔

(iii) (a) ایک طالب علم کی زندگی کے لئےتعلیم اور کھیل دو اہم پہلو ہیں۔ [1]

(b) طالبِ علم کے لئےتعلیم اور کھیل دو اہم پہلو ہے۔

(c) طلباؤں کے لئےتعلیم اور کھیل دو اہم پہلو ہیں۔

(d) طالبِ علم کے لئےتعلیم اور کھیل دو اہم پہلو ہیں۔

2. کس جملے میں محاورے کا غلط استعمال کیا گیا ہے؟ [1]

(a) جو لوگ محنت اور لگن سے کام کرتے ہیں اللہ ان کا بیڑا پار لگاتا ہے۔

(b) ملزم عدالت کے باہر سے نو دو گیارہ ہو گیا۔

(c) ذرا سی بات پر وہ چراغ جلا کر بیٹھ گئے۔

(d) جنگ میں پیٹھ دکھانا بہادروں کا شیوہ نہیں۔

3. ضرب الامثال کو مکمل کرو :

(i) ایک تو کڑوا کریلا.......................... [1]

(a) دوسرے نیم چڑھا

(b) دوسرے پیپل چڑھا

(c) دوسرے پیڑ پر چڑھا

(d) دوسرے بیل چڑھا

(ii) گیہوں کے ساتھ................................ [1]

(a) دال بھی پستی ہے

(b) چنا بھی پستا ہے

(c) چاول بھی پستا ہے

(d) گُھن بھی پستا ہے

4. محاوروں کا درست معنی بتائیے۔

(i) ناک میں دم کرنا : [1]

(a) غصہ کرنا

(b) پریشان کرنا

(c) نفرت ہو جانا

(d) ناک پر چوٹ لگ جانا

(ii) پگڑی اچھالنا : [1]

(a) شرارت کرنا

(b) ارادہ کرنا

(c) ذلیل کرنا

(d) شرمندہ کرنا

5. ''سوچ سمجھ کر کام کرنا'' اِس کے لئے درست محاورے کا انتخاب کیجئے۔ [1]

(a) عقل پر پتھر پڑ جانا

(b) عقل کا دشمن ہونا

(c) عقل کا پُتلا ہونا

(d) عقل کے گھوڑے دوڑانا

6. غلط جملے کی پہچان کیجئے۔ [1]

(a) غالب اُردو غزل میں سنگِ میل کے پتھر کی حیثیت رکھتے ہیں۔

(b) اُردو افسانہ نگاری کی بنیاد پریم چند نے ڈالی۔

(c) علی سردار جعفری کی نظمیں اُردو کا بہترین سرمایہ ہیں۔

(d) انسانی زندگی کے لئے متوازن ماحول کی ضرورت ہوتی ہے۔

7. واحد الفاظ کے جمع بتائیے۔

(i) طبیب [1]

(a) طبیبان

(b) طبیبوں

(c) اطباء

(d) طلاّب

(ii) مقصد [1]

(a) مقصدوں

(b) مقاصد

(c) مقصدیت

(d) مقصادات

8. نیچے لکھے الفاظ کے صحیح متضاد الفاظ بتائیے۔

(i) نشیب [1]

(a) چڑھائی

(b) بلندی

(c) اونچائی

(d) فراز

(ii) شکست [1]

(a) فتح

(b) ہار

(c) جیت

(d) کامیابی

9. مذکر جملے کو مونث میں تبدیل کرنے کے لئے درست جملے کا انتخاب کیجئے۔ [1]

''گوالہ گھر گھر دودھ بانٹ رہا ہے''

(a) گوالی گھر گھر دودھ بانٹ رہی ہے

(b) گوالے کی بیوی گھر گھر دودھ بانٹ رہی ہے

(c) گوالن گھر گھر دودھ بانٹ رہی ہے

(d) گوالائن گھر گھر دودھ بانٹ رہی ہے

10. درست مونث بتائیے۔ [1]

''برادر''

(a) بہن

(b) بھائی

(c) برادری

(d) خواہر

SECTION B

PRESCRIBED TEXTBOOKS - 39 Marks

*Answer **all** questions from the **three** of the prescribed textbooks.*

گنجینۂ ادب—(حصہ نثر)

1. پریم چند کا اصل نام کیا تھا؟ [1]

(a) دیانرائن نگم

(b) بھگوان داس

(c) منشی پریم چند

(d) دھنپت رائے

2. بازارِ حسن، گوشۂ عافیت، چوگانِ ہستی اور گئودان کس کی مشہور تصانیف ہیں؟ [1]

(a) کرشن چند

(b) پریم چند

(c) شراون کمار

(d) راجندر سنگھ بیدی

3. ''رومان پروری، حسن کاری، فطرت پرستی، انسانی دوستی اور بہتر سماج کی آرزو'' یہ کس مصنف کی خصوصیات ہیں۔ [1]

(a) کرشن چند

(b) پریم چند

(c) راجندر سنگھ منٹو

(d) سعادت حسن منٹو

4. بابو مہیش ناتھ کون تھے؟ [1]

(a) ایک سمجھدار تعلیم یافتہ فرد

(b) ایک رئیس کاروباری

(c) مندر کے بڑے پجاری

(d) گاؤں کے تعلیم یافتہ زمیندار

5 مہیش ناتھ کے گھر بھونگی کی آؤ بھگت اور خاطر کیوں ہوتی تھی؟ [1]

(a) بھونگی حویلی کی دیکھ بھال کرتی تھی

(b) بھونگی مہیش ناتھ کی بیوی کی سیوا کرتی تھی

(c) بھونگی اُس حویلی کی خاص فرد تھی

(d) بھونگی مہیش ناتھ کے بیٹے کو دودھ پلاتی تھی

6. جامن کا پیڑ کہاں اور کیوں گر گیا تھا؟ [1]

(a) سکریٹریٹ کے لان میں زور کا جھکڑ آنے کے سبب

(b) سڑک پر گاڑی کے ٹکرانے کے سبب

(c) سرکاری اسپتال کے باغیچہ میں طوفان آنے کے سبب

(d) اسکول میں بچوں کے جھولا جھولنے کے سبب

7. اِس درخت کو کب اور کس نے لگایا تھا؟ [1]

(a) چار سال پہلے سرکاری افسروں نے

(b) دس سال پہلے محکمۂ خارجہ کے حاکم نے

(c) چھ سال پہلے سکریٹریٹ کے ایک ملازم نے

(d) دس سال پہلے حکومتِ پِٹونیہ کے وزیر اعظم نے

8. اِس سبق میں مصنف نے معاشرے کے کن حالات کی عکاسی کی؟ [1]

(a) پھلدار درخت کی اہمیت کے بارے میں

(b) سیاسی حالات کی نزاکت کے بارے میں

(c) سرکاری محکموں کے کام کرنے کے طریقوں کے بارے میں

(d) سرکاری کارکنوں کی نااہلی کے بارے میں

9. افسانہ ''ٹوبہ ٹیک سنگھ'' میں پاگل سردار کا کیا نام تھا؟ [1]

(a) بشن سنگھ

(b) کرتار سنگھ

(c) کرن سنگھ

(d) دلجیت سنگھ

10. کہانی میں جس پاگل خانے کا تذکرہ کیا گیا ہے وہ کہاں واقع تھا؟ [1]

(a) ہندوستان میں

(b) ٹوبہ ٹیک سنگھ میں

(c) واہگہ میں

(d) لاہور میں

11. تصویر کو پہچان کر مصنف کا نام بتائیے۔ [1]

(a) راجندر سنگھ بیدی

(b) سعادت حسن منٹو

(c) کرشن چند

(d) پریم چند

12. کہانی ''گرم کوٹ''، میں مصنف کے دوست کس کمپنی کے کپڑے کے عمدہ عمدہ کوٹ پہنتے تھے؟ [1]

(a) ورسٹڈ

(b) ریمنڈ

(c) مرانجہ اینڈ مرانجہ

(d) وِل

13. مصنف اپنے لئے گرم کوٹ کا کپڑا کیوں نہیں خرید پا رہا تھا؟ [1]

(a) اس کی پھٹی جیب سے دس کا نوٹ گر جانے کے سبب

(b) مصنف کی ناپسندیدگی کے سبب

(c) گھر کے دوسرے اہم اخراجات کو پورا کرنے کے سبب

(d) قلیل تنخواہ اور بچوں کی فرمائشوں کو پورا کرنے کے سبب

روحِ ادب — (حصہ نظم)

1. تصویر کو پہچان کر شاعر کا درست نام بتائیے۔ [1]

(a) حفیظؔ جالندھری

(b) سرورؔ جہاں آبادی

(c) ولیؔ دکنی

(d) مرزا غالبؔ

2. شعر مکمل کرنے کے لئے درست مصرعہ بتائیے۔ [1]

(i) ''بس کے دشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا''

(a) اب جانا اُدھر ہے اور آپ ہی حیراں ہونا

(b) جس کی قسمت میں ہو عاشق کا گریباں ہونا

(c) آدمی کو بھی میسر نہیں انساں ہونا

(d) درو دیوار سے ٹپکے ہے بیاباں ہونا

(ii) ''اے ولی آب اُس پری رو کی'' [1]

(a) مجھ منے کا غُبار کھوتی ہے

(b) زلف تیری قرار کھوتی ہے

(c) دلبری اختیار کھوتی ہے

(d) مرد کا اعتبار کھوتی ہے

3. کلیاتِ ولی کس کے زیر اہتمام شائع ہوا؟ [1]

(a) انجمن جدید اردو پاکستان

(b) انجمن قدیم اردو پاکستان

(c) انجمن ترقی اردو پاکستان

(d) انجمن شعر و ادب پاکستان

4. ''ہائے اُس زود پشیماں کا پشیماں ہونا'' اس شعر میں زود پشیماں کے معنی کیا ہیں؟ [1]

(a) گھبرانے والا

(b) پریشان ہونے والا

(c) پچھتانے والا

(d) جلد پچھتانے والا

5. شاہ نامۂ اسلام کتاب کس نے لکھی؟ [1]

(a) مرزا غالب نے

(b) ولی دکنی نے

(c) سرور جہاں آبادی نے

(d) حفیظ جالندھری نے

6. نظم ''گلزار وطن'' کے شاعر کا نام کیا ہے؟ [1]

(a) فیض احمد فیضؔ

(b) اختر شیرانی

(c) سرور جہاں آبادی

(d) حفیظ جالندھری

7. شام رنگین نظم میں شاعر نے کس موضوع اور دلی کیفیت کا تذکرہ کیا ہے؟ [1]

(a) حب الوطنی کا

(b) محبوب کے عشق کا

(c) قدرتی مناظر کا

(d) شام کے دلکش منظر کا

8. سرور جہاں آبادی کا انتقال کب ہوا؟ [1]

(a) ۱۸۷۳ء

(b) ۱۹۱۰ء

(c) ۱۹۰۱ء

(d) ۱۹۳۷ء

9. اُردو غزل کا بابائے آدم کسے کہا جاتا ہے؟ [1]

(a) مرزا غالبؔ

(b) میر تقی میرؔ

(c) محمد ولی دکنی

(d) مومن خاں مومن

10. ''کیونکہ حاصل ہو مجھ کو جمعیت'' اس مصرعے میں جمعیت کے معنی کیا ہیں؟ [1]

(a) تسلی

(b) ہمت

(c) حوصلہ

(d) خوشی

11. مقطع کسے کہتے ہیں؟ [1]

(a) غزل ک ایک مصرعے کو

(b) غزل کے پہلے مصرعے کو

(c) غزل کے آخری مصرعے کو

(d) غزل کے دوسرے مصرعے کو

12. کھیتوں سے کام کر کے لوگ کس طرح لوٹ رہے تھے؟ [1]

(a) بیلوں کو ساتھ لے کر ہنستے مسکراتے

(b) سروں پر چادر اور کندھوں پر ہل رکھے

(c) اندھیرے سے گھبراتے اور دوڑتے ہوئے

(d) تھک ہار کر پریشان ہوتے ہوئے

ناول — مورتی

1. ناول مورتی کی ناول نگارہ کا کیا نام ہے؟ [1]

(a) عصمت چغتائی

(b) قرۃ العین حیدر

(c) ترنم ریاض

(d) رضیہ بٹ

2. ناول کی ابتداء کس جگہ سے اور کس منظر سے ہوئی؟ [1]

(a) دہلی شہر کی ایک پریس کانفرنس سے

(b) دلکش اور خوبصورت قدرتی مناظر سے

(c) دہلی کے ایک ہوٹل کے لان سے

(d) کلاسنگم کی پانچ منزلہ عمارت میں لگی ایک نمائش سے

3. ناول مورتی کے دو اہم مرکزی کرداروں کے نام بتائیے۔ [1]

(a) عافیہ اور فیصل

(b) ملیحہ اور فیصل

(c) اکبر علی اور ملیحہ

(d) عافیہ اور ملیحہ

4. عافیہ کے شوہر اور فیصل کے بڑے بھائی کا کیا نام تھا؟ [1]

(a) اکبر علی

(b) افضل علی

(c) فخر والدین

(d) ظہیرالدین

5. کلاسنگم میں مورتی کی نمائش کس نام سے لگائی گئی تھی؟ [1]

(a) ٹوٹے ہوئے ستارے

(b) آسمان کے ستارے

(c) منتخب ستارے

(d) ستاروں کی محفل

6. فیصل کہاں سے دہلی آیا تھا؟ [1]

(a) قطر

(b) شارجہ

(c) مسقط

(d) سعودی عرب

7. ناول میں ملیحہ اور فیصل کی پہلی ملاقات کہاں ہوئی تھی؟ [1]

(a) ایک نمائش گاہ میں

(b) دہلی کے بازار میں

(c) فون پر

(d) ملیحہ کے گھر پر

8. ''ہر ایک کی ہمدرد، خوش شکل، خوش گلو، خوش لباس، اونچے کردار کی مالک اور ایک عظیم فنکارہ'' [1]

یہ جملے کس نے کس سے کہے تھے؟

(a) عافیہ نے ملیحہ سے

(b) عافیہ نے فیصل سے

(c) ملیحہ نے عافیہ سے

(d) فیصل نے اکبر علی سے

9. ناول مورتی میں ملیحہ کے مزاج میں کس خامی کا تذکرہ کیا ہے؟ [1]

(a) وہ ضدی تھی

(b) وہ جھوٹی تھی

(c) وہ غصہ ور تھی

(d) وہ کم سخن تھی

10. للت کلا اکیڈمی میں لگی نمائش میں ملیحہ نے کون سا مجسمہ بنایا؟ [1]

(a) کمر میں گاگر پھنسائے پنہارن کا مجسمہ

(b) ایک ماں اور بچے کا مجسمہ

(c) ایک رقاصہ کا مجسمہ

(d) ایک فاختہ کا مجسمہ

11. ملیحہ نے کشمیر میں کس کے مجسمے کو دیکھا تھا اور وہ شخص کس عمر میں انتقال فرما گیا تھا؟ [1]

(a) ایک مرد کا مجسمہ جو ۳۰ برس کی عمر میں انتقال فرما گیا تھا

(b) ایک خاتون کا مجسمہ جو ۲۵ برس میں انتقال فرما گئی تھی

(c) ایک بچی کا مجسمہ جو ۱۲ برس میں انتقال فرما گئی تھی

(d) ایک بزرگ شخص کا مجسمہ جو ۶۰ سال میں انتقال فرما گیا تھا

12. ملیحہ کس کے ساتھ کشمیر گئی تھی؟ [1]

(a) اکبر علی کے ساتھ

(b) عافیہ اور اس کے شوہر کے ساتھ

(c) اپنے کالج کے دوستوں اور عافیہ کے ساتھ

(d) فیصل کے ساتھ

13. ابتداء میں فیصل کو ملیحہ کو پہچاننے میں کیا غلط فہمی ہوگئی؟ [1]

(a) وہ ملیحہ کو اکبر علی کی ماں سمجھا

(b) وہ ملیحہ کو حویلی کی مالکن سمجھا

(c) وہ ملیحہ کو رقاصہ سمجھا

(d) وہ ملیحہ کو اکبر علی اور ملیحہ کی بیٹی سمجھا

ڈرامہ — کھیتی

1. ڈرامہ کھیتی کے پہلے ایکٹ کے پہلے سین میں کیا منظر پیش کیا گیا ہے؟ [1]

(a) حشمت اللہ کے گھر کا منظر

(b) حسام الدین کے مکان کی پھلواری کا منظر

(c) حسام الدین کے آموں کے باغ کا منظر

(d) عبدالغفور کے مکان کا منظر

2. حسام الدین اور حشمت اللہ کے درمیان کس موضوع کے متعلق گفتگو ہو رہی تھی؟ [1]

(a) سیاست کے متعلق

(b) کھیتی کے متعلق

(c) گاؤں کی ترقی اور کامیابی کے متعلق

(d) حسام الدین کے گاؤں میں آ کر بسنے اور شہری دلچسپیوں سے الگ ہونے کے متعلق

3. حسام الدین حشمت اللہ سے اپنے عقیدے کے بارے میں کیا کہتا ہے؟ [1]

(a) عقلمند ہو کر شہر میں رہنے سے بیوقوف ہو کر گاؤں میں رہنا بہتر ہے

(b) بنباس بہت بڑا لفظ ہے مجھ جیسوں کی نسبت اسے استعمال کر کے اس کی ذلت کرتے ہیں

(c) میں اپنی قابلیت اور استعداد کو خوب جانتا ہوں

(d) اجی کیسا بیڑا اور کہاں کے فرائض

4. حشمت اللہ حسام الدین کو کس بات کے لئے بار بار سمجھا رہا تھا؟ [1]

(a) کھیتی کرنے کے طریقوں کو بدلنے کے بارے میں

(b) چائے پینے کی عادت کو چھوڑنے کے بارے میں

(c) گاؤں میں رہ کر عمر ضائع کرنے کے بارے میں

(d) گاؤں میں تعلیم کا انتظام کرنے کے بارے میں

5. حسام الدین نے کتنے برس تک شہر کی خاک چھانی تھی؟ [1]

(a) چار برس

(b) تین برس

(c) پانچ برس

(d) دو برس

6. ''میرا حسام الدین جب سے گاؤں بیٹھ رہا تب سے محفلیں سونی پڑ گئی ہیں'' یہ جملہ کس نے کہا تھا؟ [1]

(a) عبدالغفور نے

(b) مولوی عبدالرحمان نے

(c) دلدار حسین نے

(d) حشمت اللہ نے

7. دوسرے سین میں کس کے آنے پر کون لوگ تعظیم کو کھڑے ہو جاتے ہیں؟ [1]

(a) دلدار حسین کے آنے پر حشمت اللہ، کرم علی اور عبدالرحمان

(b) عبدالرحمان کے آنے پر حسام الدین، کرم علی اور دلدار حسین

(c) حشمت اللہ کے آنے پر دلدار حسین، کرم علی اور عبدالرحمان

(d) عبدالغفور کے آنے پر دلدار حسین، کرم علی اور عبدالرحمان

8. جلسے میں تشریف لاتے ہی عبدالغفور نے کس بات کا تذکرہ کیا؟ [1]

(a) شہر کے حالات کا

(b) زمین کے معاملے کا

(c) اہلِ خانہ کی علالت کا

(d) مہمانوں کی خیر خیریت کا

9. عبدالغفور نے کس جگہ کے کس مسئلے کا ذکر کیا؟ [1]

(a) بھگوان ملز کے احاطے کے سامنے کے میدان میں ملازمین کے نماز پڑھنے کا

(b) مِل کے مزدوروں کو بہتر تنخواہ دلوانے کا

(c) مزدوروں کے حقوق دلوانے میں ان کی مدد کرنے کا

(d) شہر میں ہندو مسلم اتحاد قائم کرنے کا

10. میونسپلٹی نے کیا نوٹس جاری کیا تھا؟ [1]

(a) مِل کے مزدور احاطے کے سامنے اپنی رہائش گاہ نہیں بنا سکتے

(b) اس جگہ پر عام لوگوں کے لئے تفریح گاہ نہیں بن سکتی

(c) اُس زمین پر دکانیں لگانا، جماعت سے نماز پڑھنا اور گھومنا منع ہے

(d) شہر کے نیتا اُس جگہ کو استعمال نہیں کر سکتے

11. عبدالغفور نے مسجد کی کیا تعریف بتائی؟ [1]

(a) اللہ کے گھر کو مسجد کہتے ہیں

(b) خدا کی عبادت گاہ کو مسجد کہتے ہیں

(c) جماعت سے نماز پڑھنے کی جگہ کو مسجد کہتے ہیں

(d) ہر وہ جگہ جہاں مسلمان جمع ہو کر نماز پڑھیں وہی مسجد ہے

12. دلدار حسین نے عبدالغفور کو کیا عذر دے کر معذرت کر لی؟ [1]

(a) میری صحت اجازت نہیں دیتی کہ میں ایسے ہنگاموں میں شریک ہوں

(b) میں اِن تمام کاموں میں دخل نہیں دیتا

(c) میں خدمت خلق یا قوم کی اصلاح کا بیڑا نہیں لے سکتا

(d) میرے پاس نوکری کے سبب وقت ہی نہیں

13. کرم علی کے سپرد کون سا کام کیا گیا تھا؟ [1]

(a) فتوہ جاری کرنا کہ جہاں مسلمان بڑی تعداد میں نماز پڑھیں وہ جگہ مسجد ہے

(b) بھگوان ملز کے مالک پر مقدمہ دائر کرنا

(c) مزدوروں کو ان کے حقوق سے روشناس کرانا

(d) تاجروں کی انجمن کا ایک جلسہ کروا کر چندہ جمع کرنا